احکامِ شریعت
اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی

مسلکِ اہلِ سنت کے مطابق روزمرہ شرعی مسائل کا مستند مجموعہ

تینوں حصے مکمل معہ ملفوظات

تصنیفِ لطیف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی قادری قدس سرہ العزیز

شبیر برادرز ۴۰ بی اردو بازار لاہور

فون ۴۲۳۳۲۵۰۶

نام کتاب ———— احکام شریعت (مکمل تین حصے)
نام مصنف ———— اعلیٰحضرت احمد رضا خاں بریلویؒ
سال طباعت ———— ۱۹۹۶ء
ناشر ———— شبیر برادرز۔ اردو بازار لاہور
قیمت ———— ۹۰/- روپے

کی نماز قضا ہوئی جاتی ہے تو ایسی حالت میں کیا کرے؟ بینوا توجروا۔

الجواب تیمم کر کے نماز پڑھ لے اور غسل کر کے پھر اعادہ کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ۔ کم داڑھی والے کی امامت کے بارے میں حکم کیا فرماتے ہیں علمائے دین

اس مسئلہ میں کہ داڑھی منڈانے اور شخصی کرانیوالا اور حد شرعی سے کم رکھنے والا فاسق ہے یا نہیں اور اس کے پیچھے نماز فرض خواہ تراویح پڑھنا چاہیے یا نہیں اور حدیث شریف میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے حق میں کیا ارشاد فرمایا ہے اور وہ حشر کے دن کس گروہ میں اُٹھے گا۔ بینوا توجروا۔

الجواب داڑھی منڈانے اور کترانے والا فاسق معلن ہے اُسے امام بنانا گناہ ہے۔ فرض ہو یا تراویح کسی نماز میں اُسے امام بنانا جائز نہیں حدیث میں اس پر غضب اور ارادہ قتل وغیرہ کی وعیدیں وارد ہیں اور قرآن عظیم میں اس پر لعنت ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مخالفوں کے ساتھ اُس کا حشر ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ۔ شرعی داڑھی کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ میں کہ داڑھی شرعی کتنی ہونی چاہیے۔ بینوا توجروا۔

الجواب ٹھوڑی سے نیچے چار انگل چاہیے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ۔ فجر کی قضا نماز کی ادائیگی کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ طلوع آفتاب سے کتنی دیر بعد نماز قضا کا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب طلوع کے بعد کم از کم ۲۰ منٹ کا انتظار واجب ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ۔ پختہ قبر بنانا کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ قبروں کا پختہ بنانا روا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب میت کے گرد پختہ نہ ہو اوپر کا حصہ پختہ کر دیں تو حرج نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔